© rasailojaraid.com



# معمار کا صبر

جو عظیم الشان مقصد ہمارے سامنے ہے اور جن زبردست طاقتوں کے مقابلے میں ہم کو اُٹھ کر اس مقصد کے لیے کام کرنا ہے' اس کا اوّلین تقاضا یہ ہے کہ ہم میں صبر ہو' تدبر ہو اور معاملہ فہمی ہو اور اتنا مضبوط ارادہ موجود ہو جس سے ہم دُوررس نتائج کے لیے لگاتار ان تھک سعی کرسکیں۔ بے صبری کے ساتھ جلدی جلدی نتائج برآمد کرنے کے لیے بہت سے ایسے سطحی کام کیے جاسکتے ہیں جن سے ایک وقتی ہلچل برپا ہو جائے' لیکن اس کا کوئی حاصل اس کے سوا نہیں ہے کہ کچھ دنوں تک فضا میں شور رہے اور پھر ایک صدمے کے ساتھ سارا کام اس طرح برباد ہو کہ مدتہاے دراز تک دوبارہ اس کا نام لینے کی بھی کوئی ہمت نہ کرسکے۔ یہ چیز جن لوگوں کو مطلوب ہے ان کے لیے مناسب یہ ہے کہ ہمیں پریشان کرنے کے بجائے وہ ہم سے الگ ہوجائیں اور آزادی کے ساتھ جو ہنگامہ برپا کرنا چاہیں کریں۔ مگر جو لوگ اس مقصد کے لیے واقعی کوئی صحیح کام کرنا چاہتے ہیں انھیں شوقِ فضول سے مجتنب ہو کر معمار کے سے صبر کی عادت ڈالنی چاہیے جو تعمیر شروع کرنے سے پہلے سامانِ تعمیر جمع کرتا ہے' پھر دیوار اُٹھانے سے پہلے بنیادیں کھودنے اور ان کو مضبوطی کے ساتھ بھرنے میں کافی وقت اور محنت صرف کرتا ہے' پھر ایک ایک اینٹ چُنتا ہے اور جب تک ایک اینٹ کو مستحکم نہیں کرلیتا دوسری اینٹ کو ہاتھ نہیں لگاتا ۔جس معمار میں اتنا صبر نہیں ہے اور جو بنیاد کھودنے سے پہلے چھت ڈالنا چاہتا ہے اس کے لیے کام کا صحیح میدان زمین نہیں بلکہ ہوا ہے۔ (''اشارات''، ابوالاعلیٰ مودودی، ترجمان القرآن' جلد ۲۲' عدد ۳-۴' ربیع الاول و ربیع الآخر ۱۳۶۲ھ' اپریل ۱۹۴۳ء' ص ۲۳' ۲۴)

---

© rasailojaraid.com